© rasailojaraid.com

دی جائے گی، تا کہ وہ اپنے شوہر اول کیلئے جائز ہو جائے، حلالہ کہلاتا ہے۔ حدیث میں محلل یعنی وہ دوسرا شوہر جو نکاح جیسے اہم اور مقدس معاہدے کو پہلے شوہر کی خاطر ایک کھیل اور تفریح کی چیز بنائے دیتا ہے اور مُحلل له یعنی وہ پہلا شوہر جس کی خاطر معاہد نکاح کی اہمیت، سنجیدگی و تقدیس خاک میں ملائی جاری ہے، ان دونوں پر لعنت آئی ہے۔'' لیکن ہم ان حنفی علماء سے پوچھتے ہیں کہ مُحلل اور مُحلل له کو تو آپ مستحق لعنت سمجھ رہے ہیں لیکن جن فقہاء نے اس کو سند جواز دے کر نکاح جیسے سنجیدہ اور مقدس معاہدے کو ایک کھیل اور تفریح کی چیز اور معاہدہ نکاح کی اہمیت، سنجیدگی و تقدیس کو خاک میں ملایا ہے اور آج بھی ان کی تقلید میں آپ لوگ دین کو کھلواڑا بنائے ہوئے ہیں کیا آپ اسلام کی صحیح وکالت، قرآن کی صحیح وضاحت اور شریعت کی صحیح تعبیر کر رہے ہیں؟ اور اگر مُحلل اور مُحلل لهٗ ملعون ہیں تو اس لعنتی فعل کو جواز کی سند مہیا کرنے والے کیا ہیں؟

بہر حال بات ہو رہی تھی مذکورہ آیت کی بابت اردو مفسرین کے توضیحی نوٹس کی، اس ضمن میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ خود مولانا تقی عثمانی صاحب نے بھی ''آسان کی توفیق اللہ نے آپ کو دی یا ''درس ترمذی'' کا وہ استدلال جو آپ نے خانہ ساز اصول کی آڑ لے کر تقلیدی جمود میں پیش کیا؟ اور جس سے تین طلاقوں کے بعد بھی ایک نہایت آسان راستہ تعلقات کی بحالی کا کھل جاتا ہے۔ جو قرآن کریم کی رُو سے نہیں کھلتا۔ اس نہات آسان راستے میں البتہ یہ ضرور ہے کہ انسان کو بے غیرت اور لعنت الٰہی کا مورد بننا پڑتا ہے۔ لیکن اس کا یہ فائدہ ضرور ہے کہ تقلید کا طوق زریں محفوظ رہتا ہے۔ (جاری ہے)

## موضع جمرغال میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 22 فروری بروز ہفتہ بعد نماز عشاء ملک محمد زمان صاحب کی حویلی میں عظیم الشان جلسہ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی منعقد ہوا، جبکہ حافظ عبدالغفور جہلمی فاضل مدینہ یونیورسٹی، صدیق احمد یوسفی و محمد ارشد سیٹھی مہمان خصوصی تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد سلیمان کی تلاوت سے ہوا، حمد و نعت نقیب الرحمٰن نے پیش کی، جلسہ سے حافظ عبدالغفور جہلمی، قاری محمد یوسف راشد اور قاری محمد اسماعیل بلوچ نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔ آخر میں ملک محمد زمان نائب ناظم، ملک اختر زمان، حافظ محمد طاہر اور ان کے رفقاء نے شرکاء کی ضیافت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعۃ والجماعۃ

### جامعہ اسلامیہ چکی تحصیل پنڈی گھیب میں عظیم الشان کانفرنس

مورخہ 12 فروری بروز بدھ جامعہ اسلامیہ چکی تحصیل پنڈی گھیب میں عظیم الشان کانفرنس منعقد ہوئی جس میں حضرت مولانا سید طیب الرحمٰن شاہ زیدی کے علاوہ دیگر علماء نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ نے اس کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

### رئیس الجامعہ کا نوتعمیر مسجد اہل حدیث محمد آباد داخلی للہ (پنڈ دادنخان) میں افتتاحی درس قرآن وحدیث

مورخہ 29 مارچ بروز ہفتہ بعد نماز عصر نوتعمیر مسجد اہل حدیث محمد آباد داخلی لِلہ تحصیل پنڈ دانخان میں عظیم الشان افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے مساجد کی اہمیت اور مساجد کی آبادی کے موضوع پر عالمانہ درس قرآن وحدیث ارشاد فرمایا جس میں للہ، بھیلووال، سروبہ اور پنڈی سید پور کے علاوہ دیگر علاقوں سے لوگوں نے جوق در جوق اس پروگرام میں شرکت کی۔

یاد رہے کہ اس روز رئیس الجامعہ نے خورد، پنڈی سید پور، للہ بھیلووال میں جماعتی احباب سے ملاقات کی اور پنڈی سید پور کے قریب بھابھاں والا (سگھر پور) میں نمبردار مختار احمد کے ڈیرہ پر جماعتی ساتھیوں سے ملاقات کی، اس موقع پر نمبردار مختار احمد نے ایک کنال زمین مسجد کیلئے وقف کرنے کا اعلان کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ مجلس تکمیل پذیر ہوئی۔

## وفیات

### چوہدری محمد سجاد، چوہدری ظفر و چوہدری ذوالفقار (علیا مسجد) کو صدمہ

مورخہ 15 فروری بروز ہفتہ جامع مسجد علیا اہل حدیث کے مستقل نمازی چوہدری محمد سجاد اور چوہدری ظفر و چوہدری ذوالفقار کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، تہجد گزار اور تلاوت قرآن کریم کی پابند خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

### شیخ محمد عبداللہ، شیخ احتشام، شیخ شفیق الرحمٰن و شیخ رفیق الرحمٰن کو صدمہ

مورخہ 21 فروری بروز جمعہ اہل حدیث یوتھ فورس جہلم کے سرگرم کارکن شیخ محمد عبداللہ کے چچا جان، شیخ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

احتشام کے بھائی، شیخ شفیق الرحمٰن و شیخ رفیق الرحمٰن کے والد شیخ محمد شعیب وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ الیاس اسحاق اور شیخ اظہر محمود کو صدمہ

مورخہ 22 فروری بروز ہفتہ شیخ الیاس اسحاق اور شیخ اظہر محمود کے سسر اور شیخ سلیم و شیخ ندیم کے والد حاجی شیخ رفیق احمد وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک و با اخلاق انسان تھے،مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## تنویر اسلم،توقیر اسلم،ندیم اسلم وصغیر اسلم (اسلم پرنٹرز) کو صدمہ

مورخہ 22 فروری بروز ہفتہ تنویر اسلم،توقیر اسلم،ندیم اسلم اور میجر صغیر اسلم کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور انتہائی صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## قاری محمد آصف (امام جامع مسجد العزیز اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ یکم مارچ بروز ہفتہ قاری محمد آصف امام جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلّہ کے والد محترم میانوالی میں وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور دیندار انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ ان کے بیٹے قاری محمد آصف نے پڑھائی جبکہ جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلّہ جہلم میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

## حافظ محمد قربان (لاہور موڑ) کو صدمہ

مورخہ 6 مارچ بروز جمعرات جامع مسجد اہل حدیث توحید چوک لاہور موڑ کے نمازی حافظ محمد قربان کے چچا جان ٹریفک حادثے میں وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور ملنسار انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ توحید چوک مسجد میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## عنصر اقبال وخالد محمود (ڈھوک امب) کو صدمہ

مورخہ 6 مارچ بروز جمعرات عنصر اقبال کے والد اور خالد محمود کے ماموں محمد رمضان طویل علالت



© rasailojaraid.com